© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**قلب**، ڈاکٹر سید اسلم علیگ۔ ناشر: سرسید یونی ورسٹی آف انجینیرنگ، یونی ورسٹی روڈ، کراچی۔ ۷۵۳۰۰۔فون: ۰۳۳۳-۲۱۷۹۹۷۰۔ ملنے کا پتا: مکتبہ تعمیرِ افکار، عقب بقائی ہسپتال، ناظم آباد، کراچی۔ صفحات: ۵۵۲ (طبع چہارم)۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔

آج ہم روحانی قلب کی بیماری کے ساتھ بڑے پیمانے پر جسمانی قلب کی بیماری کا شکار ہیں۔ روحانی قلب پر مشق ستم کرنے والوں میں صحافی، سیاست دان اور علمِ دین سے وابستگی کا دعویٰ کرنے والا ایک طبقہ اپنا کام دکھا رہا ہے، جب کہ دوسری جانب دل کی طبّی بیماری کے کشتگانِ ستم، مختلف عطائیوں کی چرب زبانی اور متعدد ڈاکٹروں کی جلب زر کے ہاتھوں زندگی اور موت کے درمیان معلق ہیں۔

زیرنظر کتاب کے مصنف ڈاکٹر سید اسلم نے میڈیکل کی تعلیم کنگ ایڈورڈ میڈیکل لاہور، کینیڈا اور امریکا کی اعلیٰ یونی ورسٹیوں سے حاصل کی۔ امراضِ دل کے ماہر معالج کی حیثیت سے ۵۵ برس سے بنی نوعِ انسان کی خدمت کر رہے ہیں۔ ان کا ایک اور قابلِ تحسین کارنامہ یہ کتاب ہے، جس میں انھوں نے مرضِ دل کے آغاز، علاج، صحت کی بحالی اور مرض سے بچاؤ کی تدابیر عام فہم، مؤثر اور دل چسپ اسلوبِ بیان میں تحریر کی ہیں۔ کتاب پڑھتے ہوئے قاری محض امراضِ دل کے آغاز اور نتائج ہی سے واقف نہیں ہوتا، بلکہ اس کے ساتھ ہی ساتھ سماجیات، صحت، نفسیات اور زندگی گزارنے کی سائنس تک سے واقفیت حاصل کر لیتا ہے۔

وطنِ عزیز میں تحریر و تقریر میں انگریزی زبان کا غلبہ ہے۔ مصنف نے اُردو اور وہ بھی شُستہ، شائستہ اور عام لوگوں کی سمجھ میں آنے والی اُردو میں سائنس اور طب کے پیچیدہ ترین مسائل و مباحث کو ایسے عمدہ پیرایے میں بیان کیا ہے کہ میڈیکل سائنس کا موضوع بھی ادب اور ابلاغیات کی طرح آسان محسوس ہوتا ہے۔ یہ کتاب تندرست لوگوں کو دل کے مرض سے بچانے اور مرضِ قلب کا شکار

© rasailojaraid.com